آپ کچھ خاص ہیں

آپ کچھ خاص ہیں

ایک دن میگزین پر سرسری جھلک ڈالتے ہوئے ، میں اِس دلچسپ بیان پر پہنچا ۔ یہ ایسے پڑھا جاتا ہے : « ہر کوئی ضرور کسی کے لیے کوئی بنتا ہے ، کوئی بھی بننے کے لیے ۔ « میں رُکا اور اِسے دوبارہ پڑھا « ہر کوئی ضرور کسی کے لیے کوئی بنتا ہے کوئی بھی بننے کے لیے « یہ کتنا خیال بھڑکانے والا بیان ہے!

اِس کمپیوٹر کے زمانے میں جب قوتِ انسان کو سائنسی ایجادات اور دریافتوں کے ساتھ تبدیل کیا جا رہا ہے ، انسان کی اصل مالیت یا قابلیت کی قیمت کی پہچان نہیں ہو رہی ۔ مرد اور خواتین محض کچھ بھی نہیں ہیں ، ورکشاپ میں تعداد ، زندگی کی مشینری میں خوشامد ، وسیع سمندر میں ایک قطرہ، یہ انسانیت ہے ۔ یہ سچ ہے کہ یہاں کچھ ہیں جو اپنی جسمانی کرتب یا چالاکی ، موسیقی کے ہنر، کھیل کی قابلیت اور اِس طرح کی چیزوں سے نمایاں ہوتے ہیں ، یہ ہو سکتا ہے عوام کی توجہ کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوں ، لیکن لوگوں کی بڑی تعداد جو ہمیں گلیوں میں ملتی ہے ، ہمارے قریب سے بغیر غور کیے اور بغیر پہچان کے گزر جاتے ہیں ۔

نارتھ ویسٹرن یونیورسٹی میڈیکل سکول، یو ایس اے ، کے ڈاکٹر ڈونلڈ فورمین کے مطابق انسانی بدن کی قیمت کیمیکل مواد کی اصطلاحات کی حقیر سی قیمت ڈالر 3.50 ہے ۔ دباو کے دور میں ، اوسطاً جسم

میں کیمیکز کی مالیت صرف 90 سینٹ تھی ۔ انسان محض کچھ نہیں ہے
، کئی بار نوجوانوں کے ساتھ ساتھ بوڑھے ، اِس خیال سے مایوس ہیں کہ
بہر حال وہ مستقل مزاج ہو سکتے ہیں ، اُن کی کوششیں معاشرے کی پہچان
میں نہیں ہیں ، اُن کی آراء کو قبول نہیں
کیا جاتا اور وہ دُنیا پر کوئی تاثر نہیں چھوڑتے
۔ وہ محض کچھ نہیں ہیں !

بائبل میں ، یسوع نے کھوئی
ہوئی بھیڑ کی تمثیل بتائی ۔ یہ کہانی انجیل
میں لوقا 15 باب میں پائی جاتی ہے
۔ یہاں ایک چرواہا تھا جس کے پاس سو
بھیڑیں تھیں ۔ لیکن اُن میں سے ایک کھو گئی ۔ اُس نے ننانوے کو وہاں
چھوڑا اور اُس ایک بھیڑ کی تلاش میں نکل پڑا ۔ یہاں رستے میں بہت سے
خطرات تھے ، لیکن اُسے اُس ایک بھیڑ کو ڈھونڈنا تھا ۔ آخر کار ، اُس نے
اِسے پا لیا ۔ جی ہاں ، اُس نے ایسا کیا ! اُس نے اُسے اپنے کندھے
پر اُٹھایا ، اُسے گھر لایا اور اپنے ہمسایوں کو بُلایا اور اُن سے کہا : «
میرے ساتھ خوشی میں شریک ہوں ، کیونکہ میں نے اُس بھیڑ
کو پایا جو کھو گئی تھی ۔ » صرف ایک بھیڑ لیکن یہ اُس چرواہے
کے لیے بہت اہم تھی ۔ یسوع مزید بیان کرتا ہے کہ : « میں
اچھا چرواہا ہوں : اچھا چرواہا اپنی بھیڑوں کے لیے اپنی جان دیتا
ہے »(یوحنا 10 : 11)

آپ

اُس کھوئی ہوئی بھیڑ کی مانند ہو سکتے ہیں ، جو اُس گلے اور گھر سے دور ہو ۔ لیکن اچھا چرواہے کے لیے ، آپ بہت اہم ہیں ۔ آپ اُس کے لیے ساری دُنیا کی نسبت زیادہ قیمتی ہیں اور اُس کی اپنی زندگی سے زیادہ گراں قدر ۔ بائبل کہتی ہے : « جبکہ ہم گناہگار ہی تھے ، مسیح ہمارے لیے مرا ۔ « (رومیوں 5: 8)۔ وہ یسعیاہ نبی کے کہنے کے وسیلہ بھی بات کرتا ہے : « کیا یہ ممکن ہے کہ کوئی ماں اپنے شیر خوار بچے کو بھول جائے اور اپنے رحم کے فرزنٗد پر ترس نہ کھائے ؟ ہاں وہ شاید بھول جائے پر میں تجھے نہ بھولونگا ۔» (یسعیاہ 49: 15۔ وہ آپ کے بارے فکر مند ہے ۔ خواہ آپ کی کوئی بھی حالت ہو ، آپ کی اُس کی نظر میں بہت زیادہ قدر ہے ۔ آپ کچھ خاص ہیں !



عزیز پڑھنے والو ، اِس سے پہلے کہ آپ اِس کتابچے کو پھینکیں ، اِس حقیقت کا قیاس کیجیے ۔ آپ انسان کے لیے کوئی اجنبی چیز نہیں ہیں ، جسے معاشرہ نہ جانتا ہو ۔ آپ شاید یہ محسوس کرتے ہوں کہ کوئی آپ کی پرواہ نہیں کرتا ، کوئی آپ کو نہیں سمجھتا ۔ لیکن یہاں ایک ہے جو آپ کی پرواہ کرتا اور آپ کو سمجھتا ہے اور یہ ہماری خواہش ہے کہ ہم اِس شخص ، خداوند یسوع مسیح کے ساتھ تعلق رکھیں ۔ آپ اُس کے لیے کچھ ہیں کوئی ایک جو بچانے کی مالیت رکھتا ہے ، کوئی جس کی خاطر وہ مرتا ہے ، کوئی

ایک جس کی نظر میں آپ بہت قیمتی اور گراں قدر ہیں ۔ یسوع آپ سے محبت رکھتا ہے ۔ وہ آپ کو بچانے کے لیے مرا ، وہ آپ کو معاف کرنے ، آپ کو سلامتی ، امن اور اطمینان دینے کے لیے زندہ رہتا ہے جس کی آپ تلاش کر رہے ہیں ۔ آپ مسیح کے ساتھ جڑ سکتے اور اُس کے فرزند بن سکتے ہیں ۔

آپ شاید ایسا کہتے ہیں ، ›› میں بہت دور جا چُکا ہوں ، یہاں میرے لیے کوئی اُمید نہیں ہے ، میں اپنی خامیوں کا غلام ہوں اور یہاں کوئی نہیں ہے جو میری مدد کر سکتا ہو۔ ‹‹ یہاں بے شمار جوان اور بوڑھے ہزاروں لوگو ہیں جو مسیح کے وسیلہ نئ اُمید ، نئ زندگی ، خوشی ، سلامتی ، مقصد ، منزل اور زندگی کے عم کو پاتے ہیں ۔ مسیح میں ، وہ نئ زندگی کو پا چُکے ہیں ۔ ایسا آپ کے لیے ہو سکتا ہے اگر آپ یسوع مسیح کے لیے اپنی زندگی کو پابند کرتے ہیں ۔ یہ آج ، بلکہ ابھی آپ کے لیے ہو سکتا ہے ۔

دعا:

اے خداوند ، میں
گناہگار ہوں ۔ مہربانی سے
مجھے معاف کر ۔ میں اپنی مدد
نہیں کر سکتا ، لہذا میں تیرے پاس
آتا ہوں جیسے میں ہوں ۔ میں ایمان

رکھتا ہوں کہ تُو مجھ سے محبت رکھتا ہے اور میرے لیے مرا۔ مجھے
اپنے ماضی سے پیچھا چھڑانے میں میری مدد کر اور یہ تکہ میں اپنی
زندگی کے تمام ایام میں تیری پیروی کر سکوں ۔ میں تجھے اپنے
نجات دہندہ اور خدا کے طور پر قبول کرتا ہوں ۔ میں اپنی ساری
زندگی تجھے دیتا ہوں ۔ یسوع کے نام میں ۔ آمین ۔ «